سوال

(905)جماعت میں دھڑے بندی ہوگئی ہے آپ بتائیں کہ   لخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جماعت میں دھڑے بندی ہوگئی ہے آپ بتائیں کہ کس دھڑے کا موقف قرآن وحدیث کے قریب ہے یعنی جمیعت اہلحدیث ، مرکزالدعوۃ والارشاد ، مولانا عبدالقادر روپڑی ، عبدالرحمن جہلمی ، مولانا عبدالرحمن ، تنظیم غرباء ؟

محمد خالد ساہیوال

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جن جماعتوں کے آپ نے نام لکھے ہیں یہ سب کتاب وسنت کی داعی جماعتیں ہیں البتہ کسی بات میں ان میں سے ہر کوئی جماعت خطا کر جاتی ہے اس لیے ہمیں ان میں سے کسی جماعت کےلیے اس کے ہر کام وقول میں ہمہ قسم کی تائیدوالی راہ اختیار نہیںکرنی چاہیے بلکہ ان میں سے ہر جماعت کے کتاب وسنت کے موافق ہر کام وقول کی پرزور تائیدوحمایت کرنا چاہیے اوران میں سے ہر جماعت کے کتاب وسنت کے مخالف کسی بھی کام وقول میں ان کا ساتھ نہیں دینا چاہیے بلکہ اصلاح ونصیحت سے کام لیتے ہوئے احسن طریقہ سے انہیں سمجھانا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01ص595

محدث فتویٰ